© rasailojaraid.com



# تنقید و تبصرہ

**سب رس (قطب شاہ نمبر)** یہ حیدر آباد دکن کے مشہور علمی ماہنامے "سب رس" کا خاص نمبر ہے جو گولکنڈہ دکن کے نامور فرمانروا محمد قلی قطب شاہ کی یاد میں شائع کیا گیا ہے۔ قومی ثقافت اور علم و ادب کی سرپرستی کی وجہ سے محمد قلی کو دکن کے سلاطین میں ایک امتیازی مرتبہ حاصل ہے۔ وہ خود دورِ قدیم کا ایک صاحبِ دیوان شاعر تھا اور وجہی جیسے مشہور شاعر اس کے دربار سے وابستہ تھے جنھوں نے فارسی شاعری کی تمام خصوصیات کو دکنی اردو میں منتقل کر دیا۔ محمد قلی اردو کا شاعر اور سرپرست ہونے کے علاوہ شہر حیدر آباد کا بانی بھی تھا جو آگے چل کر دکن میں مسلمانوں کی تہذیب و ثقافت کا اہم ترین مرکز بن گیا۔

اس شمارے میں سلطان محمد قلی کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے اور اس کے مضمون نگاروں میں پروفیسر ہارون خاں شروانی، مولوی عبدالحق اور ڈاکٹر زور جیسے مشہور اہلِ قلم بھی شامل ہیں۔ ادارۂ ادبیاتِ اردو ایک بہت ہی نازک دور میں اردو زبان اور ادب کی خدمت انجام دے رہا ہے اور اس کی کوششیں قابلِ قدر رہیں۔

خصوصی شمارہ کی قیمت ایک روپیہ ہے اور یہ مندرجہ ذیل پتہ سے دستیاب ہو سکتا ہے

ادارۂ ادبیاتِ اردو، ایوانِ اردو، خیریت آباد۔ حیدر آباد۔ دکن : (رزاقی)

**قرآن ازم** مصنف: غلام احمد۔ ملنے کا پتہ:۔ دارالاشاعت قرآن ازم۔ سلطان پورہ۔ حیدر آباد۔ دکن۔

© rasailojaraid.com